AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD

SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE

CLASS X EXAMINATION

MAY 2012

Islamiyat Paper II

Time allowed: 1 hour 30 minutes   Marks 30

ہدایات

درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ آپ اپنا نام اور اپنے اسکول سے متعلق کوائف کو غور سے پڑھیے اور تصدیق کیجیے کہ وہ درست ہیں۔

میں تصدیق کرتا / کرتی ہوں کہ میرا نام اور میرے اسکول کا نام درست ہے۔ **امیدوار کے دستخط**

2۔ خصوصی ہدایت: اس پرچے میں کُل **چھے** سوالات ہیں۔ تمام سوالوں کے جوابات دیجیے۔ سوال نمبر 6 میں **دو انتخاب** دیے گئے ہیں۔ ان میں سے کوئی ایک حل کیجیے۔

3۔ اپنے جوابات لکھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیے:

ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

شکل کے لیے سیاہ پنسل استعمال کیجیے۔ رنگین پنسل ہرگز استعمال نہ کیجیے۔

کسی بھی قسم کی پِن، گوند یا سیاہی مٹانے والی کوئی بھی چیز استعمال نہ کیجیے۔

صفحے کے چوَکھٹے (باکس) کے باہر کچھ نہ لکھیے۔ اپنا جواب دی گئی سطور میں مکمل کیجیے۔

4۔ ہر سوال کے نمبر قوسین ( ) میں دیے گئے ہیں۔

سوال۔1 (کل 6 نمبر)

(الف) سورۃ الاحزاب، آیت نمبر 45

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۙ

درج بالا آیت کی روشنی میں وضاحت کیجیے کہ رسول اللہ (صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم) کو 'مبشّر' اور 'نذیر' کیوں کہا گیا ہے؟ (3 نمبر)

(ب) ہماری **عملی** زندگی پر رسول اللہ (صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم) کے نذیر ہونے کے کیا اثرات مرتب ہوں گے؟ کوئی **تین** مثالیں دیجیے۔ (3 نمبر)

سوال۔2 (کل 6 نمبر)

(الف) حدیث نمبر18 مَنْ اِغْبَرَّتْ قَدَمَاهُ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ

مندرجہ بالا حدیث کے مطابق اپنے قدموں کو اللہ کی راہ میں غبار آلود کرنے سے کیا مراد ہے؟ **تین** نکات میں وضاحت کیجیے؟ (3 نمبر)

(ب) اس حدیث پر عمل کرنے کے لیے ہمیں اپنی زندگی میں کون سے اعمال اختیار کرنا چاہییں؟ کسی **تین** اعمال کی نشان دہی کیجیے۔ (3 نمبر)

سوال۔3 (کل 4 نمبر)

(الف) وضو یا غسل کے کوئی دو فوائد تحریر کیجیے۔ (2 نمبر)

(ب) ایک معاشرے میں صفائی اور پاکیزگی کے احکام پر عمل پیرا ہو کر ماحولیاتی آلودگی کو دور کرنے کے لیے کون سے اقدامات کیے جا سکتے ہیں؟ کوئی دو مثالیں دیجیے۔ (2 نمبر)

سوال۔4 (کل 4 نمبر)

(الف) عائلی زندگی کا مفہوم بیان کیجیے اور قرآن شریف سے کوئی ایک حوالہ دیجیے۔ (2 نمبر)

(ب) قرآن شریف کی روشنی میں اولاد کے فرائض کی دو نکات میں وضاحت کیجیے۔ (2 نمبر)

سوال۔5 (کل 4 نمبر)

اِسلامی تعلیمات کے مطابق کس طرح مختلف ثقافتوں کے درمیان ہم آہنگی پیدا کی جاسکتی ہے؟ **چار** نکات میں جائزہ لیجیے۔

سوال۔6 (کل 6 نمبر)

(الف) دو نکات میں بحث کیجیے کہ قرآنِ مجید دنیوی اور روحانی معاملات میں ہدایت کا ذریعہ ہے۔

یا

(ب) قرآنِ مجید میں ہجرت کا تصور دو نکات میں واضح کیجیے نیز اس کی ضرورت پر بحث کیجیے۔

اختتام

Please use this page for rough work

Please use this page for rough work